نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس

اجلاس میں محکمہ زراعت پنجاب کے تحت سیلاب متاثرین کیلئے جاری ریلیف سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا

وزیراعلیٰ پنجاب فصلوں کو پہنچنے والے نقصانات کے ازالہ کیلئے جلد پیکج کا اعلان کریں گی۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور16 ستمبر**2025**:وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ زراعت پنجاب کے تحت سیلاب متاثرین کیلئے جاری ریلیف سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے شرکت کی۔اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ یہ ملکی تاریخ کا بدترین سیلاب تھا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب فصلوں کو پہنچنے والے نقصانات کے ازالہ کے لیے پیکج کا اعلان کریں گی۔ان کا کہنا تھا کہ سیلاب سے فصلوں کو شدید نقصانات پہنچے ہیں اور حالیہ فلڈ کی وجہ سے زرعی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ فصلوں کو پہنچنے والے نقصانات کے سروے اور تخمینہ کے لیے کمیٹیاں قائم کردی گئی ہیں، جبکہ زرعی انفراسٹرکچر کو پہنچنے والے نقصان کا بھی سروے کیا جائے گا۔وزیرزراعت پنجاب نے یہ بھی بتایا کہ محکمہ زراعت کے زرعی فارمز پر کاشتہ چارہ سیلاب متاثرین کے جانوروں کے لیے وقف کردیا گیا ہے۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب کے 17 بلڈوزرز فلڈ بند مضبوط کرنے کے لیے دن رات کام کررہے ہیں۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اجلاس کو بتایا کہ سیلاب متاثرین کے جانوروں کے لیے چارہ وخوراک کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے جبکہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں محکمہ زراعت کی فیلڈ فارمیشنز کی کارکردگی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کی جارہی ہے۔اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید، ڈاکٹر ساجد الرحمان، ڈاکٹر عبدالقیوم، چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود، پراجیکٹ ڈائریکٹر پی ای ایس پی ڈاکٹر محمد انجم علی ودیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆